# ReadyCash Service

## Terms & Conditions

JazzCash پیش کر رہا ہے ReadyCash لون سروس کی منفرد سہولت، جس کے ذریعے اب آپ اپنا مطلوبہ لون صرف چند سیکنڈ میں حاصل کر سکتے ہیں۔

ReadyCash ایک فوری اور باسہولت سروس ہے جو JazzCash موبائل اکاؤنٹ کسٹمرز کو محدود مدت کیلئے مختصر مالیت کے لون کی فراہمی کو ممکن بناتی ہے۔ ReadyCash کے ذریعے حاصل ہونے والی لون کی رقم فوری طور پر آپ کے موبائل اکاؤنٹ میں منتقل ہو جاتی ہے تاکہ آپ اپنی ضرورت فوری طور پر پوری کر سکیں، لون کے حصول کیلئے آپ کو بھاری دستاویزات کی فراہمی یا طویل انتظار کی ضرورت نہیں، بس اپنے موبائل فون کے ذریعے چند آسان ہدایات پر عمل کیجئے اور اپنی مطلوبہ رقم فوری اپنے موبائل اکاؤنٹ میں حاصل کیجئے۔

کسٹمرز کو ReadyCash کی سہولت چار ہفتوں کے لئے فراہم کی جائے گی، اس مدت کے دوران جتنا جلد ممکن ہو وہ اسے ادا کر سکتا ہے۔ ایک کسٹمر ایک بار میں 1000 روپے تک لون حاصل کر سکتا ہے، ابتدائی مراحل میں یہ سروس فی الحال محدود کسٹمرز کے لئے فراہم کی جا رہی ہے، منتخب کسٹمرز کو بذریعہ SMS ان کی اہلیت کے بارے میں مطلع کر دیا جائے گا۔

### ReadyCash لون حاصل کرنے کا طریقہ کار :

- #8*6*786* ڈائل کریں (صرف Jazz کسٹمرز کیلئے)
- Apply for ReadyCash کا انتخاب کریں
- مطلوبہ لون کی رقم درج کریں
- درخواست کی تصدیق کیلئے اپنا MPIN درج کریں اور شرائط و ضوابط کے لیئے Accept دبائیں

### ReadyCash لون کی ادائیگی کا طریقہ کار :

- #8*6*786* ڈائل کریں
- Repay ReadyCash کا انتخاب کریں
- مکمل یا جزوی رقم کی ادائیگی کا انتخاب کریں
- ادائیگی کیلئے MPIN درج کریں

نوٹ : اس کے علاوہ JazzCash مقررہ تاریخ پر خود بخود آپ کے موبائل اکاؤنٹ سے لون کی رقم معہ عائد کردہ چارجز کے منہا کر لے گا، رقم کی ادائیگی کے لئے آپ کے موبائل اکاؤنٹ میں مطلوبہ رقم ہونا ضروری ہے۔

## سروس چارجز :

ReadyCash کے ذریعے لئے گئے لون پر کسٹمرز کو درج ذیل ہفتہ وار چارجز ادا کرنے ہوں گے

| ReadyCash کی رقم (روپے) | ہفتہ وار چارجز (روپے) |
|---|---|
| 50 | 3 |
| 100 | 5 |
| 200 | 10 |
| 400 | 20 |
| 500 | 25 |
| 600 | 30 |
| 800 | 40 |
| 1000 | 50 |
| 1500 | 75 |
| 2000 | 100 |

اگر کسٹمر ReadyCash لون کی ادائیگی کیلئے جزوی رقم ادا کرتا ہے تو ہفتہ وار چارجز اس کے لون کی بقایا رقم پر عائد ہوں گے، جن کی تفصیل درج ذیل ہے۔

| بقایا رقم (روپے) | ہفتہ وار چارجز (روپے) |
|---|---|
| 0 سے 50 | 3 |
| 51 سے 100 | 5 |
| 101 سے 200 | 10 |
| 201 سے 400 | 20 |
| 401 سے 500 | 25 |
| 501 سے 600 | 30 |
| 601 سے 800 | 40 |
| 801 سے 1000 | 50 |
| 1001 سے 1500 | 75 |
| 1501 سے 2000 | 100 |

## فوری طور پر پوچھے جانے والے سوالات اور ان کے جوابات :

سوال 1 : ReadyCash کے ذریعے کم از کم اور زیادہ سے زیادہ کتنی رقم حاصل کی جا سکتی ہے؟

جواب : آپ اس سروس کے ذریعے 50 سے 1000 روپے تک کا لون حاصل کر سکتے ہیں، جس کا انحصار آپ کی اہلیت پر ہے۔

سوال 2 : کیا ہفتہ وار چارجز کے علاوہ کوئی اور اضافی چارجز بھی اس پر عائد ہوں گے؟

جواب : JazzCash اس سروس کے کوئی اضافی چارجز نہیں لیتا، نہ ہی لون پروسیسنگ فیس وصول کی جاتی ہے، ReadyCash حاصل کرنے کے بعد صرف ہفتہ وار چارجز ہی وصول کئے جاتے ہیں۔

سوال 3 : کیا ReadyCash کی مدت ادائیگی میں اضافہ ممکن ہے؟

جواب : کسٹمر کو ReadyCash لون کی ادائیگی کے لئے 4 ہفتوں کا وقت دیا جاتا ہے لیکن اگر کسی وجہ سے کسٹمر مقررہ مدت کے دوران ادائیگی نہ کر سکے تو اس میں ایک ہفتہ (زیادہ سے زیادہ 4 ہفتے) کا اضافہ کیا جا سکتا ہے۔

سوال 4 : کسٹمر ایک وقت میں کتنے ReadyCash لون حاصل کرسکتا ہے؟

جواب : آپ ایک وقت میں صرف ایک ہی بار ReadyCash لون حاصل کر سکتے ہیں، البتہ ایک بار جب آپ لون ادا کردیں تو اس کے بعد دوسرے لون کے لئے درخواست دے سکتے ہیں

سوال 5 : ReadyCash کی ادائیگی کس طرح کی جاسکتی ہے؟

جواب : ReadyCash کی ادائیگی کے دو طریقے ہیں

☆ اپنے موبائل اکاؤنٹ میں ادا کی جانے والی رقم یا اس سے زائد جمع کرائیں تا کہ مقررہ تاریخ پر خود بخود لون کی رقم آپ کے اکاؤنٹ سے منہا کر لی جائے۔

☆ لون کی ادائیگی خود کرنے کیلئے #8*6*786* ڈائل کریں اور دی گئی ہدایات پر عمل کریں۔

سوال 6 : اگر کسٹمر مقررہ تاریخ تک لون کی رقم ادا نہ کر سکے تو کیا ہوگا؟

جواب : اگر کسٹمر مقررہ تاریخ تک لون کی رقم ادا کرنے میں ناکام رہا تو اسے مزید ایک ہفتے کا وقت دیا جائے گا جو زیادہ سے زیادہ چار ہفتے تک بڑھایا جاسکتا ہے، اگر کسٹمر اس اضافی مدت کے باوجود لون کی مکمل رقم ادا نہ کرسکا تو اسے آئندہ ReadyCash لون حاصل کرنے کیلئے بلیک لسٹ کردیا جائے گا اور eCIB سسٹم کے تحت اس کی رپورٹ اسٹیٹ بینک آف پاکستان کو بھی دی جائے گی۔

سوال 7 : ReadyCash کی ادائیگی کے لئے میں اپنے موبائل اکاؤنٹ میں رقم کس طرح جمع کرسکتا ہوں؟

جواب : آپ کسی بھی JazzCash ایجنٹ کے پاس جا کر اپنے موبائل اکاؤنٹ میں نقد رقم بغیر کسی سروس چارجز کے جمع کرا سکتے ہیں ،اگر آپ کا کسی دوسرے بینک میں اکاؤنٹ ہے تو آپ بینک کے ATM پر IBFT کی سہولت استعمال کرتے ہوئے اپنے موبائل اکاؤنٹ میں رقم ٹرانسفر کرسکتے ہیں۔

## شرائط وضوابط

## برائے JazzCash ReadyCash سروس

جب آپ ReadyCash سروس (سروس) کا انتخاب کرتے اور اسے استعمال کرتے ہیں تو آپ براہ راست موبی لنک مائیکروفنانس بینک (بینک) کے ساتھ بحثیت کسٹمر/قرض خواہ ایک معاہدہ کرتے ہیں، مزید اس بات کا اقرار کرتے ہیں کہ اس سروس کے استعمال کیلئے آپ بینک کے شرائط وضوابط کی مکمل پابندی کریں گے اور اور ReadyCash سے حاصل کئے گئے لون کو اس کے تمام چارجز کے ساتھ مقررہ تاریخ پر ادا کریں گے

## 1 ۔ ReadyCash کے لئے درخواست

1.1 ۔ کسٹمر کے پاس JazzCash موبائل اکاؤنٹ ہونا ضروری ہے

1.2 ۔ کسٹمر کا موبائل اکاؤنٹ فعال ہونا چاہئیے

1.3 ۔ جب آپ لون کے لئے درخواست کرتے ہیں تو آپ موبی لنک مائیکروفنانس بینک کو ہدایت اور اختیار دیتے ہیں کہ وہ ReadyCash لون سروس کے لئے آپ کی درخواست پر غور کرے۔

1.4 ۔ جب آپ لون کیلئے درخواست دیتے ہیں تو آپ بینک کو ReadyCash سروس کے لئے اپنی معلومات تک رسائی کے لئے اجازت دیتے ہیں، اس میں آپ کے Jazz موبائل اور JazzCash موبائل اکاؤنٹ سے وابستہ معلومات ہوسکتی ہے

1.5 ۔ ReadyCash کی درخواست منظور ہوتے ہی لون کسٹمر کے اکاؤنٹ میں فوری منتقل کردیا جائے گا اور کسٹمر کو بذریعہ SMS اس کی تصدیق کی جائے گی۔

1.6 ۔ بینک ReadyCash لون کو منظور یا مسترد کرنے کی وجہ کسکسٹمر کو بتانے کا پابند نہیں ہے

1.7 ۔ اگر کسٹمر کی ReadyCash لون کی درخواست منظور ہوجاتی ہے تو بینک تصدیق کیلئے درج ذیل SMS بھیجے گا

1.7.1 ۔ لون کی رقم

1.7.2 ۔ ہفتہ وار چارجز

1.7.3 ۔ ادا کی جانے والے مجموعی رقم

1.7.4 ۔ مقررہ تاریخ

1.7.5 ۔ ٹرانزیکشن ID

1.8 ۔ یہ شرائط وضوابط وقت کے ساتھ تبدیل ہوسکتے ہیں، جن کی تفصیلات JazzCash کی ویب سائٹ پر دستیاب ہوں گی ، ReadyCash لون کی درخواست کرنے سے پہلے ضروری ہے کہ ان شرائط وضوابط کا جائزہ لے لیا جائے۔

## 2 ۔ لون کی ادائیگی

2.1 ۔ آپ اپنے موبائل اکاؤنٹ کے ذریعے بروقت یا مقررہ تاریخ سے پہلے اپنے ReadyCash لون کی ادائیگی کرسکتے ہیں

2.2 ۔ بینک کو یہ اختیار رحاصل ہے کہ وہ مقررہ تاریخ گزرنے کے بعد آپ کے موبائل اکاؤنٹ میں موجود رقم سے لون کی رقم منہا کرلے، یہ کٹوتی ایک یا ایک سے زئد بار ہوسکتی ہے۔ جس مین لون کی رقم معہ عائد چارجز شامل ہوں گے۔

2.3 ۔ قرض فراہم کرنے کے 8 ہفتوں بعد ReadyCash کی بقایا رقم پر کوئی ہفتہ وار چارجز عائد نہیں ہوں گے۔

2.4 ۔ مقررہ تاریخ کے بعد لون کی رقم آپ کے موبائل اکاؤنٹ سے خود بخود منہا کرلی کائے گی (چار ہفتوں بعد )

2.5۔ کسٹمر نے بینک کو یہ اختیار دیا ہے کہ وہ اس کے ReadyCash کے بارے میں الرٹس / نوٹیفکیشن سے آگاہ کرتا رہے

## 3۔ کسٹمر کی نادہندگی

3.1 ۔ اگر مقررہ تاریخ کے 90 دن کے اندر اندر لون کی رقم ادا نہیں کی گئی تو کسٹمر کو نادہندہ قرار دیا جائے گا

3.2 ۔ نادہندگی کی صورت میں کسٹمر کے مکمل کوائف اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی کریڈٹ بیورو سروس (eCIB) کے حوالے کئے جائیں گے اور آئندہ ReadyCash سروس کے حصول کے لئے بلیک لسٹ قرار دیا جائے گا۔

## 4۔ ذمہ داری سے دستبرداری

4.1 ReadyCash لون کی رقم کے کسی بھی غلط استعمال کی ذمہ داری بینک پر ہرگز عائد نہ ہوگی لون کی رقم کے استعمال کا مکمل اختیار کسٹمر کو حاصل ہے جس سے بینک کا کوئی تعلق نہیں ہے

## 5۔ معلومات کا تبادلہ

5.1 ۔ جب آپ موبائل اکاؤنٹ کے لئے اپنی معلومات فراہم کرتے ہیں تو اس رضامندی کا اظہار کرتے ہیں کہ بینک آپ کی وہ معلومات متعلقہ سروس فراہم کرنے والی کمپنی یا ایجنٹس کو فراہم کر سکے۔ اس میں درج ذیل صورتحال میں آپ کی معلومات کا اشتراک بھی شامل ہے

5.1.1 ۔ کسی بھی مقامی یا بین الاقوامی قانون نافذ کرنے والی ریگولیٹری یا گورنمنٹ ایجنسی یا اداروں کو کسی بھی قسم کی مجرمانہ سرگرمیوں میں ملوث ہونے، ان کی روک تھام، تحقیقات یا دھوکا دہی کے مقدمات میں مدد دینے کیلئے۔

5.1.2 ۔ سروس فراہم کرنے والی کمپنی، ڈیلرز، ایجنٹس یا مناسب کاروباری مقاصد کیلئے بینک سے وابستہ کسی بھی کمپنی کیلئے۔

5.2 ۔ بینک کو یہ اختیار حاصل ہے کہ وہ اکاؤنٹ اور سروسز کا اشتراک کر سکتا ہے کسی بھی عدالتی فیصلے یا قابل اختیار اتھارٹی یا قابل اطلاق قوانین کی تحت کسی ایجنسی کی ضرورت یا دوسری صورت میں بینک کے مفادات کو مدنظر رکھتے ہوئے۔

5.3 ۔ مناسب کاروباری مقاصد کیلئے سروسز فراہم کرنے والے ادارے یا بینک سے وابستہ دیگر کمپنیز کیلئے۔

5.4 ۔ نادہندہ کسٹمرز کے کوائف کریڈٹ بیورو آف پاکستان کو رپورٹ کئے جائیں گے۔

اگر کسٹمر ReadyCash سروس کے شرائط وضوابط کو قبول کرتا ہے تو ساتھ ہی وہ موبائل اکاؤنٹ سروس کے شرائط وضوابط کو بھی قبول کرتا ہے جو کہ www.jazzcash.com.pk/readycash/t پر دیئے گئے ہیں